نارویجن زبان اور معاشرتی علوم کی مفت تعلیم

نارویجن زبان اور معاشرتی علوم کی مفت تعلیم کا حق

ناروے کااقامتی اجازت نامہ آپ کو کل 600 گھنٹوں کی مفت تعلیم کا حق دلا سکتا ہے یعنی

- نارویجن زبان (550 گھنٹے) اور
- معاشرتی علوم (50 گھنٹے)

اس وقت سے لے کر تین سال تک تعلیم مفت رہتی ہے

- جب آپ کو اقامتی اجازت نامہ عطا ہوا تھا یا
- جب آپ مؤثر اقامتی اجازت نامے کے ساتھ ناروے آئے تھے

اگر آپ ان تین سالوں کے اندر اندر تعلیم کا آغاز یا تکمیل نہ کریں تو تعلیم کا خرچ آپ کو خود اٹھانا پڑے گا۔

نارویجن زبان اور معاشرتی علوم کی تعلیم کا فرض

مندرجہ ذیل درخواستوں کی منظوری کیلئے آپ پر لازم ہو سکتا ہے کہ نارویجن زبان اور معاشرتی علوم کی 600 گھنٹوں کی تعلیم حاصل کریں

- مستقل اقامت کا اجازت نامہ اور/یا
- شہریت

آپ تعلیم کے فرض سے چھوٹ پانے کی درخواست دے سکتے ہیں بشرطیکہ

- آپ نارویجن یا سامی زبان کا کافی علم رکھنے کا ثبوت دے سکتے ہوں یا
- صحت سے متعلق خصوصی وجوہ یا دوسری اہم وجوہ کی بنا پر چھوٹ مناسب ہو

عملی معلومات

تعلیم کی درخواست، یا اگر آپ چھوٹ چاہتے ہوں تو اس کی درخواست، دینےکیلئے آپ کو خود اس بلدیہ میں تعلیم بالغاں (voksenopplæringen) سے رابطہ کرنا ہو گا جہاں آپ کی رہائش رجسٹرڈ ہے۔ اگر آپ کوئی سوال پوچھنا چاہیں یا اگر آپ کو آخری تاریخ اور حقوق سے متعلق معلومات درکار ہوں تو تعلیم بالغاں سے رابطہ کریں۔

آپ کو www.imdi.no اور www.udi.no پر بھی معلومات مل سکتی ہیں۔